الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ — دارالافتاء والقضاء

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : Shariq Mehmood	Serial No : 25372	Regular
Address : Hyderabad	Date : 4/26/2015	
Subject : Aqaid	Contact No :	
Writer : عبدالرشید	Email :	

Main ek deobandi musalman hun. Mujhay waswasay boht atay hain or mere zehen main kuch esi ghalat batain theen jinke baray main mujhay baad maloom hua ke esi batain zehen main honay se insan kafir hojata he . maine foran tauba krli or kalma parh lia lekin mera dil mutmaien nhi horaha . kya main musalman hogaya hun ya mujhay gawahon ki miojudgi main or ghusl krne ke baad toba krni or kalma parhna parega. ? Ye bat mere ilawa or koi nhi jaanta or main nhi chahta k kisi ko iska pata challay. Baraiy meherbaani rehnumai farmaiye…

ترجمہ سوال :

میں دیوبندی مسلک سے ہوں، مجھے وسوسے بہت آتے ہیں، ذہن میں کچھ ایسی غلط باتیں تھیں جن کے بارے میں مجھے بعد میں معلوم ہوا کہ ایسی باتیں ذہن میں ہونے سے انسان کافر ہو جاتا ہے، میں نے فوراً توبہ کرلی اور کلمہ پڑھ لیا لیکن دل مطمئن نہیں ہورہا، کیا میں مسلمان ہوگیا ہوں یا مجھے گواہوں کی موجودگی میں اور غسل کرنے کے بعد توبہ کرنی ہوگی اور کلمہ پڑھنا ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً

غیر اختیاری طور پر غلط وساوس اور خیالات آنے سے آدمی کافر نہیں ہوتا خصوصاً جب ان خیالات کو برا سمجھنے کی وجہ سے سائل کو پریشانی ہو رہی ہو اور دل سے ان خیالات کو برا بھی جانتا ہو تو حدیث کی رو سے یہ عین ایمان کی علامت ہے اس لئے سائل کو ان خیالات کی وجہ سے پریشان نہیں ہونا چاہیئے البتہ تیسرے کلمے کا ورد کرتا رہے ان شاء اللہ مفید رہے گا۔

فی مشکوۃ المصابیح: عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال جاء ناس من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسألوہ انا نجد فی انفسنا ما یتعاظم احدنا ان یتکلم بہ قال او قد وجدتموہ قالوا نعم قال ذاک صریح الایمان اھ (19/1)۔ واللہ اعلم

عبدالرشید عفی عنہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۸/۲/۱۴۳۷ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۵/۲/۱۴۳۷ھ

الجواب صحیح
بندہ سیف اللہ جمیل
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۵ صفر ۱۴۳۷ھ

دارالافتاء
۲۵۳۷۲
۲۹/۲/۱۴۳۷ھ

نائب رئیس

رئیس

12/12/15